BOARD OF SECONDARY EDUCATION, KARACHI

Secondary School Certificate (S.S.C.) Annual Examination

Class X (Science Group)	Biology	2025	Urdu Medium

وقت۳:گھنٹے|;کل نشانات:٦٠:

حصہ "الف" (کثیر الانتخابی سوالات)—کل نشانات:۱۲

ہدایات:(i)تمام سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔(ii)سوالات کاپی پر نقل نہ کیجئے۔پرچے کے مطابق صحیح نمبر ڈال کر جواب لکھیے۔
(iii)ہر سوال کا نمبر ایک ہے۔(iv)اپنے پرچے کا کوڈ نمبر واضح طور پر جلی حروف میں اپنی جوابی کاپی کی ابتدا میں لکھیے۔

ا۔دیئے ہوئے ممکنہ جوابات میں سے درست جواب کا انتخاب کیجیے:

(۱)	جسمانی درجہ حرارت کو مناسب حد تک برقرار رکھنے کا عمل کہلاتا ہے : ☆ ہومیوتھرم ☆ ہیٹروتھرم ☆ اوسموریگولیشن ☆ تھرموریگولیشن
(۲)	خمیر میں تولید کی قسم ہے : ☆ فشن ☆ بڈنگ ☆ ٹکڑے ٹکڑے ہونا ☆ اسپورز بننا
(۳)	تنفسی سطح خصوصیات رکھتی ہے : ☆ پتلی اور نم ☆ نفوذپذیر ☆ بہت بڑی ☆ یہ تمام
(۴)	گردہ ایک باریک جھلی میں بند (ملفوف) ہوتا ہے جسے کہتے ہیں : ☆ پیری کارڈیم ☆ پیری ٹونیم ☆ پلورل ممبرین ☆ پلومیول
(۵)	حرکت کی اس قسم میں جاندار اپنے اعضاء کی نشوونما کے ذریعے محرک کی طرف یا محرک سے دور ہو جاتا ہے : ☆ لوکوموٹری حرکت ☆ ٹروپک حرکت ☆ ناسٹک حرکت ☆ پیراٹونک حرکت
(۶)	الکوحلی خمیر کے دوران گندھا ہوا آٹا اس وجہ سے پھولتا ہے : ☆ میتھائل الکوحل ☆ کاربن ڈائی آکسائیڈ ☆ ایتھائل الکوحل ☆ پانی
(۷)	بیج کے غلاف کی اندرونی باریک پرت کہلاتی ہے : ☆ ٹیسٹا ☆ چیلازا ☆ کاٹیلیڈن ☆ ٹیگمین
(۸)	عضلات کا وہ جوڑا ہے جہاں دونوں ایک دوسرے کی مخالف سمت میں کام کرتے ہیں : ☆ اینٹاگونسٹ ☆ قلبی ☆ ہموار ☆ ایبڈکٹر
(۹)	کتاب المناظر تصنیف ہے : ☆ جابر بن حیان ☆ ابن الہیثم ☆ علی ابن عیسیٰ ☆ بوعلی سینا
(۱۰)	گھٹنے کا جوڑ ایک مثال ہے : ☆ گیند اور ساکٹ جوڑی ☆ سلائیڈنگ جوڑی ☆ قبضہ نما جوڑی ☆ غیر حرکی جوڑی
(۱۱)	عصبی نظام کے خلیوں کو کہا جاتا ہے : ☆ عصب ☆ اسٹیم خلیے ☆ ایفیکٹر ☆ نیوران
(۱۲)	یہ ہمیشہ غذائی زنجیر کے آغاز میں ہوتا ہے : ☆ سبزی خور ☆ گوشت خور ☆ تحلیلیے (ڈی کمپوزرز) ☆ پیداواریے

حصہ "ب" (مختصر جواب کے سوالات)—کل نشانات:۲۴

نوٹ:اس حصے سے کوئی آٹھ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ہر سوال کے تین(۳)نمبر ہیں۔

۲۔	آئیلیٹس آف لینگرہانس کیا کام سرانجام دیتے ہیں۔	۳
۳۔	پھیپھڑوں کا سرطان کیا ہے ؟	۳
۴۔	جینیاتی انجینئرنگ میں استعمال ہونے والے آلات بیان کیجئے ؟	۳
۵۔	ہومیو اسٹیسس کی تین اہم حالتیں کیا ہیں ؟ ان میں سے کسی دو کی تعریف کیجئے۔	۳
۶۔	ہائیڈروفائٹس کی تین خصوصیات تحریر کیجئے۔	۳
۷۔	پاکستان میں معدوم ہونے کے خطرے سے دوچار کسی تین ممالیہ اور تین پرندوں کے نام تحریر کیجئے۔	۳
۸۔	انجیو اسپرمک پھول کے عرضی تراش - یا - لوبیا کے بیج کی ساخت کی صاف ستھری نشان زدہ شکل بنائیے۔	۳
۹۔	جنسی اور غیر جنسی تولید کے درمیان فرق بیان کیجئے۔	۳
۱۰۔	انسانی جلد کے طولی تراش کی صاف ستھری نشان زدہ شکل بنائیے۔	۳

۱۱۔	مندرجہ ذیل اصطلاحات کی تعریف کیجئے : ۱۔ بایوپسیا ۲۔ سکرز ۳۔ صارفین	۳
۱۲۔	فرمینٹر کیا ہے ؟ اس میں کوئی دو فوائد تحریر کیجئے۔	۳
۱۳۔	ڈھانچے کی تین بنیادی اقسام کون سی ہیں ؟ ان میں سے کسی ایک کو مثال کے ساتھ بیان کیجئے۔ [reconstructed]	۳

حصہ "ج" (بیانیہ جواب کے سوالات)۔کل نشانات: ۲۴ [reconstructed]

نوٹ: اس حصے سے کوئی چار سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ہر سوال کے چھ (۶) نمبر ہیں۔

۱۴۔	انسانی دماغ کی ساخت تفصیل سے بیان کیجئے۔	۶
۱۵۔	انسانی نظامِ تنفس ۔ یا ۔ نر خرگوش کے نظامِ تولید کی صاف ستھری نشان زدہ شکل بنایئے۔	۶
۱۶۔	ایکو سسٹم کی تعریف کیجئے اور اس کے حیاتیاتی عوامل تفصیل سے بیان کیجئے۔	۶
۱۷۔	ایپی جیل اور ہائپو جیل انکھوے کے درمیان فرق شکل کی مدد سے واضح کیجئے۔	۶
۱۸۔	بارآوری کیا ہے ؟ خارجی بارآوری اور داخلی بارآوری کے درمیان کوئی پانچ فرق بیان کیجئے۔	۶
۱۹۔	آبی آلودگی کیا ہے ؟ اسے کس طرح کنٹرول کیا جا سکتا ہے ؟	۶

Notes on this reproduction

- Typeset by Tayarri from the printed question paper; no answer key is reproduced. The source sheet is pre-ticked by the publisher, so options are given unmarked.
- The Urdu text is a reconstruction, not a glyph-level verified transcription, and the Urdu layer is not searchable. A native reader should proof it before it is relied on.
- Sub-part markers and bare option numerals are printed on the sheet in Roman/Latin form ((i), (ii), 1, 2, ...) and are set here as Urdu numerals (۱،۲،, ...); the order and content are unchanged.
- Source sheet is a guide reprint: no board monogram and no paper code are printed. Its heading reads “Hayatiyat (Biology) 2025 — Jamaat Dahum (Science Group)”.
- **IMPORTANT — partial source.** The Urdu subjective scan supplied stops after question 12. Question 13 and the whole of Section C (questions 14–19) are marked **[reconstructed]** and are rendered into Urdu from the English-medium sheet of the same paper, not read off an Urdu scan. Their wording will differ from the board’s. Send the rest of the Urdu subjective sheet and this file will be rebuilt from it.
- MCQ (vii) gives the first option correctly as “Testa”; the English-medium sheet prints “Texta”. Both reproduced as printed.
- Option order follows the sheet, which runs right-to-left with the first option rightmost; for questions 1–12 it matches the English-medium printing.